BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی آف برامپٹن، پیل ڈسٹرکٹ سکول بورڈ اور جے کیئر فاؤنڈیشن، فیلڈ آف ڈریمز کے قابل رسائی بیس بال ڈائمنڈ کی شاندار افتتاحی تقریب منعقد کر رہے ہیں

برامپٹن کا پہلا مکمل طور پر قابل رسائی بیس بال ڈائمنڈ اب کمیونٹی کے لیے تیار ہے۔

JAYS CARE
FOUNDATION
BLUE JAYS

برامپٹن، آن (29 اپریل 2022) – آج ہماری کمیونٹی سٹی آف برامپٹن، پیل ڈسٹرکٹ سکول بورڈ (PDSB) اور جیز کیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے منعقد کی جانے والی پیل ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ اور سٹی آف برامپٹن فیلڈ آف ڈریمز ایکسیسبل بیس بال ڈائمنڈ کی ایک شاندار افتتاحی تقریب کے لیے جمع ہوئی ہے۔ یہ فیلڈ، جو دسمبر 2021 میں مکمل ہو گئی تھی، اب کمیونٹی کے لیے تیار ہے۔

برامپٹن 2020 میں کینیڈا میں جیز کیئر فاؤنڈیشن فیلڈ آف ڈریمز کی جانب سے دی جانے والی گرانٹ کے 12 وصول کنندگان میں سے ایک تھا۔ یہ گرانٹ بچوں اور نوجوانوں کو بیس بال کھیلنے، صحت مند اور فعال رہنے اور زندگی کی مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے قابل رسائی جگہوں کے ڈیزائن، تزئین و آرائش اور ان کی تعمیر کے لیے مالی اعانت فراہم کرتی ہے۔ سٹی آف برامپٹن نے اس منصوبے کے لیے ایک تہائی فنڈنگ فراہم کی ہے، اس میں PDSB کی جانب سے بھی ایک تہائی حصہ ڈالا گیا ہے جبکہ جیز کیئر فاؤنڈیشن کی گرانٹ سے بقیہ تہائی لاگت موصول ہوئی ہے۔

برامپٹن میں اپنی نوعیت کا پہلا، فیلڈ آف ڈریمز، جوڈتھ نیمین سیکنڈری اسکول اور ولیمز پارک وے سینئر پبلک اسکول کے درمیان موجود سبز جگہ میں ایک بہترین اضافہ ہے۔ 1305 ولیمز پارک وے پر واقع بیس بال ڈائمنڈ چنگواکوسی سیکنڈری اسکول کے طلباء کے استعمال کے لیے کافی قریب موجود ہے اور ہائی وے 410 سے بھی اس تک رسائی آسان ہے، جس سے یہ جگہ برامپٹن کے تمام رہائشیوں کے لیے آسان ہو جاتی ہے۔ یہ منصوبہ پیل ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ اور سٹی آف برامپٹن کے درمیان عوامی شراکت داری کی ایک اور بہترین مثال ہے، تاکہ پورے برامپٹن کے طلباء اور رہائشیوں، دونوں کے لیے تفریحی سہولیات تک رسائی میں اضافہ کیا جا سکے اور توقع کی جاتی ہے کہ بورڈ اور کمیونٹی تنظیمیں مثلاً 'چیلنجر بیس بال' اور 'سپیشل اولمپکس' اس کو ایک بہترین طریقے سے استعمال کریں گی۔

نئے فیلڈ آف ڈریمز میں رسائی اور فعالیت کی کافی خصوصیات موجود ہیں: ایک مصنوعی ٹرف ان فیلڈ؛ ترمیم شدہ بنیادی راستے ('60)؛ ایک چھوٹا آؤٹ فیلڈ؛ ایک ترمیم شدہ پچرز ماؤنڈ جس کے گریڈ میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی؛ کھلاڑیوں کے لیے قابل رسائی بینچ ایریا اور فیلڈ تک رسائی کے لیے کنکریٹ سے تیار کردہ خوبصورت راستے۔ آؤٹ فیلڈ قدرتی گھاس سے تیار کیا گیا ہے اور وارننگ ٹریک سخت کنکریٹ سے بنایا گیا ہے۔

فیلڈ آف ڈریمز استعمال کرنے والے لوگوں کے لیے، ٹیری ملر ریکریئشن سنٹر پارکنگ میں ایک قابل رسائی ریمپ اور پارکنگ کے مقامات شامل کیے گئے ہیں۔ بیس بال ڈائمنڈ کی دیگر خصوصیات میں شامل ہیں: شائقین کے لیے ہوم پلیٹ کے پیچھے مرحلہ وار بلند ہوتی ہوئی نشستیں؛ استعمال کنندگان کے مختلف گروپوں کے لیے چار پچر ماؤنڈز اور ہوم پلیٹ سے صرف 225 فٹ کی دوری پر ایک آؤٹ فیلڈ باڑ۔

فیلڈ آف ڈریمز بیس بال ڈائمنڈ کو بک کرنے کے لیے رہائشی، کھیلوں کے گروپ اور کمیونٹی تنظیمیں جن کو رکاوٹ سے پاک سہولیات کی ضرورت ہو وہ موسم بہار 2022 میں سٹی کے اسپورٹس فیلڈ رینٹل یونٹ سے 2665) 905-874-BOOK) پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ای میل کریں: facilityrentals@brampton.ca

پیل ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ کے بارے میں

پیل ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ (PDSB) نسلی، ثقافتی اور لسانی اعتبار سے ایک متنوع بورڈ ہے جو برامپٹن، کیلیڈون اور مسی ساگا کے 259 اسکولوں میں 155,000 سے زیادہ طلباء کو خدمات فراہم کرتا ہے۔ PDSB کینیڈا کا دوسرا سب سے بڑا سکول بورڈ ہے اور ساتھ ہی Peel ریجن میں سب سے بڑا آجر بھی ہے۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

جیز کیئر کے بارے میں
جیز کیئر فاؤنڈیشن، ٹورانٹو بلیو جیز کا خیراتی ادارہ ہے، جو بیس بال کو زندگی کے ہنر سکھانے اور پورے کینیڈا میں 35,000 سے زیادہ بچوں اور نوجوانوں کے لیے دیرپا سماجی تبدیلی پیدا کرنے کے لیے ایک ٹول کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ جیز کیئر فخریہ طور پر تمام دس صوبوں اور دونوں خطوں میں کام کرتا ہے اور ایسے کمیونٹی پروگرام چلا رہا ہے، جن کی مدد سے رکاوٹوں کا سامنا کرنے والے کینیڈا کے بچوں کے لیے کھیل کے میدانوں کی یکساں دستیابی کو ممکن بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس تنظیم نے 100 سے زیادہ ڈائمنڈز اور تفریحی مقامات کے لیے عمارات بنانے یا ان کی تجدید کے عمل میں مدد کے لیے فیلڈ آف ڈریمز کے ذریعے 10$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری بھی کی ہے۔ 2020 میں، جیز کیئر کو MLB کے ایلن ایچ سیلگ ایوارڈ سے نوازا گیا، جو بلیو جیز کمیونٹی کے عزم کو تسلیم کرتے ہوئے فلانتھروپک ایکسیلنس کے لیے تھا، یہ 7.5$ ملین کا کووڈ-19 رسپانس پلان ہے جس نے پورے کینیڈا میں وبائی امراض سے خصوصی طور متاثر ہونے والے افراد کی مدد کی ہے۔

اقتباسات
“بیٹر اپ برامپٹن! ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ فیلڈ آف ڈریمز قابل رسائی بیس بال ڈائمنڈ اب باضابطہ طور پر بکنگ کے لیے کھول دیا گیا ہے۔ برامپٹن کے پہلے مکمل طور پر قابل رسائی بیس بال ڈائمنڈ کو حقیقت بنانے میں مدد فراہم کرنے کے لیے ہمارے شراکت داروں پیل ڈسٹرکٹ سکول بورڈ اور جے کیئر فاؤنڈیشن کا بہت شکریہ۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن ایک صحت مندانہ اور محفوظ شہر ہے اور ہم ہر ایک کو تفریح، متحرک رہنے اور کھیلنے کے لیے نئی جگہیں اور مواقع فراہم کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔ پیل ڈسٹرکٹ سکول بورڈ اور جے کیئر فاؤنڈیشن کے ساتھ شراکت داری میں، فیلڈ آف ڈریمز ہماری کمیونٹی میں ایک بہترین اضافہ ہے۔"

- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن، پیل ڈسٹرکٹ سکول بورڈ اور جے کیئر فاؤنڈیشن کو فیلڈ آف ڈریمز پیش کرنے پر فخر ہے، جو سب کے کھیلنے کے لیے ایک جامع جگہ ہے۔ تمام صلاحیتوں کے حامل بچے اور نوجوان، رہائشی، اسپورٹس گروپس، کمیونٹی آرگنائزیشنز اور دیگر کوئی بھی شخص جو بیس بال ڈائمنڈ پر کچھ وقت گزارنا چاہتا ہو، برامپٹن ریکرئیشن سے رابطہ کر کے اپنے لیے جگہ بک کر سکتا ہے۔"

- *شارمین ولیمز، سٹی کونسلر وارڈز 7 اور 8؛ وائس چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن ہماری کمیونٹی میں سرمایہ کاری لانے کے لیے وقف ہے۔ فیلڈ آف ڈریمز ہماری کمیونٹی کی صحت اور فلاح و بہبود میں ایک اہم سرمایہ کاری ہے اور ہم پیل ڈسٹرکٹ سکول بورڈ اور جے کیئر فاؤنڈیشن کے اپنے شراکت داروں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

- *پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"پیل ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ اور سٹی آف برامپٹن کا فیلڈ آف ڈریمز پیل ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ کی صحت اور تندرستی کو فروغ دینے والے ایک جامع ماحول کی تعمیر پر مسلسل توجہ مرکوز کرنے کے حوالے سے ایک اہم سرمایہ کاری کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ہم آج یہاں اپنے پارٹنرز سٹی آف برامپٹن اور جے کیئر فاؤنڈیشن کے تعاون کے بغیر موجود نہیں ہوتے۔ یہ ان عظیم کارناموں کا ایک سچا ثبوت ہے جو اس وقت مکمل ہو سکتے ہیں جب ہم مل کر کمیونٹی کی تعمیر کے لیے کام کرتے ہیں۔"

- *رشمی سوارپ، ڈائریکٹر آف ایجوکیشن، PDSB*

"جیز کیئر فاؤنڈیشن کو فخر ہے کہ انہوں نے جوڈِتھ نیمین فیلڈ آف ڈریمز کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے اپنے عظیم شراکت داروں کے ساتھ کام کیا ہے – جو ایک مکمل طور پر قابل رسائی بیس بال ڈائمنڈ اور سٹی آف برامپٹن میں اپنی نوعیت کا پہلا ڈائمنڈ ہے۔ ہم چیلنجر بیس بال میں تمام صلاحیتوں کے حامل بچوں کے لیے ایک جگہ پر جمع ہونے، فعال رہنے اور اپنی کمیونٹی کے دیگر اراکین کے ساتھ تفریح کرنے کے لیے ایک جامع اور محفوظ جگہ پیش کرنے پر انتہائی پرجوش ہیں۔ ہم پیل ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ اور اپنے ناقابل یقین عطیہ دہندگان، دونوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس پروجیکٹ کو عملی جامہ پہنانے میں دل کھول کر مدد فراہم کی ہے۔"

- *رابرٹ وچیل، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، جیز کیئر فاؤنڈیشن*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca

میلون ایڈورڈز
منیجر آف کمیونیکیشن، پیل ڈسٹرکٹ سکول بورڈ
malon.edwards@peelsb.com | (905) 301-6382

جوئے کوئنٹانیلا
اسپیشلسٹ، مارکیٹنگ اور کمیونیکیشن، جیز کیئر فاؤنڈیشن
Joey.Quintanilha@bluejays.com